CAREERINDIA

**RR + PR**

# Code No. 12-U

# Subject : First Language – URDU

**( Old Syllabus )**

**( Regular Repeater + Private Repeater )**

**عام ہدایات :**

i) سوال مع جواب کے کتابچہ میں معروضی اور موضوعی قسم کے جملہ 63 سوالات ہیں۔

ii) ہر معروضی قسم کے سوال کے لئے جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو صحیح جواب چُننا ہے اور مکمل جواب اسکے حرف تہجی کے ساتھ مہیا کی گئی جگہ میں لکھنا ہے۔

iii) ہر موضوعی قسم کے سوال کے لئے کافی جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو سوالوں کے جواب اسی جگہ میں لکھنا ہے۔

iv) معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

v) پنسل سے جواب نہ لکھیں۔ پنسل سے لکھے ہوئے جوابات کی جانچ نہیں کی جائے گی۔

vi) کثیر انتخابی، معروضی، خالی جگہوں کو پُر کرنا اور مناسب جوڑ لگانا کے سوالوں کی حالت میں جوابات کو کُھر چنے / دوبارہ لکھنے / نشان لگانے کی اجازت نہیں ہے، ایسا کرنے سے آپکا جواب جانچ کے لئے نااہل سمجھا جائیگا۔

vii) درست اِملا اور خوشخطی کا خاص خیال رکھیں۔

viii) سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے '15' منٹ کا وقت الگ سے دیا جائیگا۔

ix) بائیں جانب کے حاشئے میں مہیا کردہ جگہ میں کچھ نہ لکھیں۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA



I. درج ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیئے گئے ہیں، موزوں ترین جواب کا انتخاب کر کے لکھیں :

15 × 1 = 15

1. حضورؐ فصل کا نیا میوہ سب سے پہلے کھلاتے تھے

A) کم عمر بچے کو
B) بوڑھوں کو
C) عورتوں کو
D) نوجوانوں کو

2. ڈاکٹر عبدالکلام کے چچازاد بھائی کا نام ہے

A) زین العابدین
B) شمس الدین
C) جمال الدین
D) خیرالدین

3. میونسپلٹی کا چیرمن بنا

A) سرفراز
B) مقبول میاں
C) احمد علی
D) دلاور علی

4. ان کی نگرانی میں سائنسدانوں کی ٹیم قطب جنوبی پہنچی

A) ڈاکٹر عبدالکلام
B) ڈاکٹر ذاکر حسین
C) ڈاکٹر سید ظہور قاسم
D) ڈاکٹر اکبر

5. تاریخ نویسی خاص فن ہے

A) مسلمانوں کا
B) عیسائیوں کا
C) رومیوں کا
D) فلسفیوں کا

6. غیر متعلق لفظ الگ کیجئے۔

A) ہارڈ ویر
B) کتاب ویر
C) سافٹ ویر
D) ہیومن ویر

www.careerindia.com

CAREERINDIA



.7 جس نظم میں حضورؐ کی تعریف بیان کی گئی ہو

A) نعت B) حمد

C) غزل D) رباعی

.8 بدلہ نظم لکھنے والے شاعر کی نشاندہی کیجئے

A) محمد اقبالؔ B) مولانا حالیؔ

C) نظیرؔ اکبر آبادی D) جاں نثار اخترؔ

.9 درج ذیل میں مخدوم محی الدین کا شعری مجموعہ نہیں ہے

A) حیاتِ جاوید B) سرخ سویرا

C) گل تر D) بساط رقص

.10 رباعی میں مصرعے ہوتے ہیں

A) دو B) چار

C) تین D) پانچ

.11 نظم ''صدیقؓ'' میں کس غزوہ کا ذکر کیا گیا ہے ؟

A) خندق B) اُحد

C) بدر D) تبوک

.12 نظم ''برکھارت'' میں کس موسم کی آمد پر خوشی کا اظہار کیا گیا ہے ؟

A) سردی B) برسات

C) خزاں D) گرمی

www.careerindia.com

CAREERINDIA



13. لفظ حق کی ضد کیا ہے ؟

A) حقوق B) حقیقت

C) حقائق D) باطل

14. معنی کے اعتبار سے جملے کی قسمیں ہیں

A) تین B) چار

C) دو D) ایک

15. ارکانِ تشبیہہ کتنے ہیں ؟

A) چار B) پانچ

C) دو D) چھ

II. خانہ پُری کیجئے : 5 × 1 = 5

16. حضورؐ نے فرمایا کہ یہ طبقہ حقیر نہیں بلکہ................ وہمدردی کے لائق ہے۔

17. ڈاکٹر عبدالکلام ریاستِ................ میں پیدا ہوئے۔

18. دلاور نے................ کو چانٹا مارا۔

19. ''خاکِ دل'' نظم کے شاعر................ ہیں۔

20. لفظ ''رفیق'' کا مترادف................ ہوتا ہے۔

III. 21. حصہ ''الف'' اور ''ب'' کے مناسب جوڑ لگائیں : 5 × 1 = 5

| ''الف'' | | ''ب'' | |
|---|---|---|---|
| a) | تاریخ کا باوا آدم | i) | آفاق |
| b) | غلام کی ضد | ii) | ابن خلدون |
| c) | مرکب مطلق کی | iii) | آقا |
| d) | افق کی جمع | iv) | مکمل چاند |
| e) | مہ کامل | v) | چار قسمیں ہیں |
| | | vi) | آدھا چاند |

www.careerindia.com

CAREERINDIA



IV. درج ذیل سوالات کے جوابات **ایک یا دو** جملوں میں لکھئے : 10 × 1 = 10

22. چاند بی بی کا فوجی افسر کون تھا ؟

23. لفظ بیگ کی جنس بدل کر لکھئے ؟

24. صبح زمانے میں کیا پھیلا رہی ہے ؟

25. اخبار میں شکر کی قلت کے متعلق کیا لکھا ہوا تھا ؟

26. شاعر جان نثار اختر نے اپنا سرمایۂ جان کس کو سونپ دیا ؟

27. مخدوم محی الدین کے مطابق شہیدوں کے تن کس طرح جلتے رہے ؟

28. مشہور و مقبول اُردو سافٹ ویر کون کونسے ہیں ؟

29. ہر تعریف کس کے لئے زیبا ہے ؟

30. رفیق نبوت کسے کہتے ہیں ؟

31. مرثیہ کی تعریف کیجئے ؟

V. درج ذیل سوالات کے جوابات **دو یا تین** جملوں میں لکھئے : 15 × 2 = 30

32. اپنی ہی تاریخ کو بُھلا دینے والی قوم کا مستقبل کیا ہوتا ہے ؟

33. جنگ کے متعلق چاند بی بی کیا سوچ رہی تھی ؟

34. ہارڈ ویر اور سافٹ ویر کی تعریف لکھئے۔

35. جملۂ اسمیہ کی تعریف مع مثال لکھئے۔

36. آزاد نظم کسے کہتے ہیں ؟

37. مفرد جملے کی تعریف مثال کے ساتھ لکھئے ؟

38. صبح کی آمد سے ماحول پر کیا اثر پڑتا ہے ؟

39. بحر کسے کہتے ہیں ؟ کُل بحریں کتنی ہیں ؟



www.careerindia.com

CAREERINDIA



40. ان الفاظ کا معنوی فرق واضح کیجئے :

(i) سدا ................صدا

(ii) خلیل................قلیل

41. صنعتِ تجنیس کی تعریف کیجئے اور مثال لکھئے ۔

42. انسان کو آرام کب میسر ہوتا ہے ؟

43. جملہ تردیدی کی تعریف مع مثال لکھئے ۔

44. ان الفاظ کی جمع لکھئے :

(i) ذکر

(ii) احسان

(iii) منزل

(iv) فرد

45. گھنگور گھٹا چھانے پر کیا ہوا ؟

46. دورِ حاضر کو سائنسی دور کیوں کہا جاتا ہے ؟

VI. (الف) مندرجہ ذیل سے کسی دو کا تعارف لکھئے : 2 × 3 = 6

47. (i) احمد جمال پاشاہ (ii) علی عباس حسینی (iii) محمد اقبال

48.

(ب) درج ذیل جملوں کی بحوالۂ متن تشریح کیجئے : 3 × 3 = 9

49. ''دور ہو جاؤ میرے سامنے سے ہٹ جاؤ یہاں سے غدار کہیں کے''

50. ''کیا تم نے قرآن نہیں پڑھا''

51. ''ہوش میں رہیئے مقبول میاں یہاں کا رہنا بھلا دوں گا''



www.careerindia.com

CAREERINDIA



(پ) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے : 2 × 3 = 6

52. ''قیدِ حیات و بندِ غم اصل میں دونوں ایک ہیں

موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں''

53. ''خیالِ یار کبھی ذکرِ یار کرتے رہے

اسی متاع پہ ہم روزگار کرتے رہے''

(ت) درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 3 × 3 = 9

54. حمد میں شاعر نے اللہ کی کن صفات کا ذکر کیا ہے ؟

55. انسان کو راحت کن حالات میں میسر ہوتی ہے ؟

56. مندرجہ ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے :

(i) جیب صاف کر دینا

(ii) گرم ہونا

(iii) ہاتھ پیر مارنا

VII. نیچے دیئے گئے سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 2 × 4 = 8

57. حضورؐ کے اخلاق و عادات پر ایک مضمون لکھئے۔

58. ڈاکٹر عبدالکلام کی زندگی کے حالات بیان کیجئے۔

59. اپنی درسی کتاب کی حمد یا نعت کے چار اشعار لکھئے۔ 1 × 4 = 4

60. کسی ایک نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے : 1 × 4 = 4

(i) صدیقؓ (ii) بدلہ



www.careerindia.com

CAREERINDIA



VIII. 61. اپنے والد محترم کے نام ایک خط لکھئے جس میں اسکول کے سالانہ جلسے کا ذکر ہو۔ 1 × 5 = 5

**یا**

اپنے صدر مدرس کے نام ایک درخواست لکھئے جس میں ٹی سی جاری کرنے کی گذارش کی گئی ہو۔

IX. 62. ذیل میں کسی **ایک** عنوان پر جامع مضمون لکھئے : 1 × 5 = 5

i) بڑھتی ہوئی مہنگائی کے اثرات

ii) تعلیم کی اہمیت

X. ذیل میں دی گئی عبارت کو غور سے پڑھیں اور دیۓ گیۓ سوالات کے جوابات لکھیں : 4 × 1 = 4

63. ''تندرست جسم میں تندرست دماغ ہوتا ہے'' یہ انگریزی زبان کا قول ہے۔ تندرستی ایک نعمت ہے قدیم زمانے میں لوگ کہا کرتے تھے کہ کھیل کود سے وقت برباد ہوتا ہے لیکن حقیقت میں کھیل کود سے مختلف قسم کے فائدے ہیں۔ جیسے بھائی چارہ۔ خیالات کی تبدیلی اور ایثار و قربانی کا جذبہ فروغ پاتا ہے اسلئے جسمانی تندرستی کے ساتھ دماغی تندرستی بھی ضروری ہے۔

i) تندرستی کیا ہے ؟

ii) انگریزی زبان کا قول کیا ہے ؟

iii) کھیل کود کے متعلق قدیم لوگوں کے خیالات کیا تھے ؟

iv) جسمانی تندرستی کے ساتھ کیا ضروری ہے ؟

www.careerindia.com